Booklet Series **A**

**Code : TG-03**

Question Booklet No.
प्रश्न पुस्तिका संख्या
6002545

परीक्षा केन्द्र की मुहर लगायें
Affix stamp of examination centre

# उर्दू
# URDU

अनुक्रमांक (अंकों में)
Roll No. (in figures) 0 1 0 3 0 0 1 6 0 6
(केवल अंग्रेजी में/Only in English)

OMR क्रम संख्या (अंकों में)
OMR Serial No. (in figures)
(केवल अंग्रेजी में/Only in English)

OMR क्रम संख्या (शब्दों में)
OMR Serial No. (in words) ........................................................................................................

........................................................................................................

केन्द्र का नाम/Name of the Centre ........................................................................................................

समय : 2 घंटे Time : 2 Hours

पूर्णांक : 425 M.M. : 425

कक्ष–निरीक्षक का हस्ताक्षर / *Signature of the Invigilator*

SEAL

## आवश्यक निर्देश

1. अभ्यर्थी अपना अनुक्रमांक केवल आवरण पृष्ठ तथा प्रश्न-पुस्तिका के साथ दिए गए उत्तर-पत्रक के निर्दिष्ट स्थान पर लिखेंगे, अन्यत्र कहीं नहीं ।
2. प्रश्न-पुस्तिका मिलने के उपरान्त अभ्यर्थी को तुरन्त जाँच कर सुनिश्चित कर लेना चाहिए कि पुस्तिका में पूरे पृष्ठ हैं तथा कोई प्रश्न छूट तो नहीं गया है । यदि कोई विसंगति है, तो प्रश्न-पुस्तिका मिलने के 10 मिनट के भीतर ही कक्ष-निरीक्षक को सूचित करना चाहिए तथा त्रुटिरहित दूसरी पुस्तिका प्राप्त कर लेनी चाहिए ।

## IMPORTANT INSTRUCTIONS

1. The candidate will write his/her Roll No. only at the place provided for i.e. on the cover page and on answer sheet given and nowhere else.
2. Immediately on the receipt of the question booklet, the candidate will check up and ensure that it contains all the pages and that no question is missing. If there is any discrepancy, it should be reported by the candidate to the invigilator within 10 minutes of issue of this question booklet and a fresh booklet without any discrepancy be obtained.

*

1. " دبیر الملک " کس کا خطاب ہے ؟

(A) میرؔ (B) غالبؔ

(C) مومنؔ (D) سوداؔ

2. کس رِسالے کے ذریعے نئی اُردو نثر کی بنیاد پڑی ؟

(A) نیا دور (B) نیا ادب

(C) عصرِ جدید (D) تہذیب الاخلاق

3. مولانا ابوالکلام آزادؔ نے جیل میں جو خط لکھے تھے۔ وہ کس نام سے شائع ہوئے ؟

(A) غبارِ خاطر (B) تذکرہ

(C) خطوطِ آزادؔ (D) مکاتیبِ آزاد

4. فیض احمد فیضؔ کس شہر میں پیدا ہوئے ؟

(A) دِلّی (B) سیال کوٹ

(C) لاہور (D) لکھنؤ

5. "پت جھڑ کی آواز" کس کے افسانوں کا مجموعہ ہے ؟

(A) واجدہ تبسّم (B) قرۃ العین حیدر

(C) ہاجرہ مسرور (D) جیلانی بانو

6. درد منت کش دوانہ ہوا میں نہ اچھا ہوا بُرا نہ ہُوا

اس شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے ؟

(A) مراۃ النظیر (B) تلمیح

(C) تضاد (D) حسنِ تعلیل

7. حیات لے کے چلو کائنات لے کے چلو

چلو تو سارے زمانے کو ساتھ لے کے چلو

یہ کس ترقی پسند شاعر کا شعر ہے ؟

(A) سردار جعفری (B) مجازؔ

(C) ساحرؔ (D) مخدوم محی الدین

8. اگر میں تناسخ کا قائل ہوتا تو ضرور کہتا کہ غالب کی روح کو عدم میں بھی چین نہ ملا تو محمد اقبالؔ کہ نام سے دوبارہ جسد خاکی میں جلوہ افروز ہوئی "

علامہ اقبالؔ کے متعلق یہ کس کا خیال ہے۔

(A) علامہ شبلیؔ (B) مولوی عبد الحق

(C) شیخ عبدالقادر جان (D) جگن ناتھ آزاد

9. کس نے کہا ہے کہ " ہندوستان کی الہامی کتابیں دو ہیں -ایک وید مقدس اور دوسری دیوانِ غالبؔ "

(A) عبد الرحمٰن بجنوری (B) نیاز فتح پوری

(C) وزیر آغا (D) مولانا آزادؔ

10. افسانوں کا مجموعہ " انگارے " میں کتنے مصنفین کے افسانے شامل ہیں ؟

(A) 4 (B) 5

(C) 2 (D) 3

11 . حلقۂ اربابِ ذوق کی بنیاد کس سن میں پڑی ؟

(A) 1936ء (B) 1935ء

(C) 1939ء (D) 1941ء

12 . داستان "باغ و بہار" میں شہنشاہ کا کیا نام ہے ؟

(A) نوشیرواں (B) حاتم

(C) قلب (D) آزاد بخت

13 . داستان فسانۂ عجائب کہاں لکھی گئی ہے ؟

(A) فیض آباد (B) الہ آباد

(C) لکھنؤ (D) دلّی

14 . مسعود حسین خان نے افضل کی بکٹ کہانی کو______ کا پہلا ادبی و لسانی نقش کہا ہے ۔

(A) جدید اُردو (B) قدیم اُردو

(C) ہندی (D) متوسط اُردو

15 . انشاؔ کی " دریائے لطافت " کس موضوع پر ہے ؟

(A) شاعری (B) صرف و نحو

(C) ادب (D) تنقید

16 . جب مرکب لفظ میں "ال" موجود ہونے پر بھی پڑھا نہیں جاتا ہے تو ایسے حروف کو______ کہتے ہیں ۔

(A) حروفِ صحیح (B) حروفِ فارسی

(C) حروفِ قمری (D) حروفِ شمسی

17 . کا ، کے ، کو ، تک کونسے حروف ہیں ؟

(A) حروفِ عطف (B) حروفِ نجائیہ

(C) حروفِ ربط (D) حروفِ تخصیص

18 . حالیؔ کا کہنا ہے کہ قافیہ بھی وزن کی طرح شعر کا ______ بڑھا دیتا ہے ۔

(A) حُسن (B) خیال

(C) وزن (D) کچھ بھی نہیں

19 . " قافیے کے پیچھے " ایک ردیف کا دُم چھلاّ اور لگا لیا گیا ہے " کہتے ہوئے حالیؔ نے کس صنف میں اسکے استعمال کی مخالفت کی ہے ؟

(A) مثنوی (B) مرثیہ

(C) غزل (D) قصیدہ

20 . مثنوی 'سحر البیان' "کا کردار کونسا ہے ؟

(A) بکاؤلی (B) خوجی

(C) ماہِ طلعت (D) بدرِ منیر

21 . پریم چند کے کس ناول میں " دھنیا " کا کردار ہے ؟

(A) چوگانِ ہستی (B) میدانِ عمل

(C) گئودان (D) غبن

22. "ریختہ" کے کیا معنی ہیں؟

(A) فطری (B) گری پڑی

(C) طبعی (D) منثرہ

23. "واسوخت" کا موجد کون ہے؟

(A) امیر خسرو (B) میر تقی میرؔ

(C) ولی دکنی (D) تلسی داس

24. "اُردوئے معلّٰی" کس کا مجموعہ ہے؟

(A) خاکے (B) تاریخ

(C) خطوط (D) تذکرے

25. ابراہیم عادل شاہ ثانی کے دور میں فارسی کا کونسا مستند شاعر ہندوستان آیا تھا؟

(A) ملک قمر (B) میر سنجر

(C) ظہوری (D) طبعی

26. وہ کونسا شاعر ہے جو تصوف کے رنگ میں بے نظیر اور بے مثال ہے؟

(A) میر تقی میرؔ

(B) میر سوزؔ

(C) میر دردؔ

(D) مرزا سوداؔ

27. حالیؔ نے "یادگارِ غالبؔ" میں کس موضوع کو پیش کیا ہے؟

(A) غالبؔ کی زندگی اور شاعری

(B) غالبؔ کی زندگی

(C) غالبؔ کی شاعری

(D) غالب لطائف

28. لکھنؤ کے "نگار" رسالہ کے مدیر کون تھے؟

(A) نیاز فتح پوری (B) حسرتؔ موہانی

(C) ممتاز شیریںؔ (D) شاہد احمد دہلوی

29. اُردو کا پہلا صاحبِ دیوان شاعر ________ ہے۔

(A) محمد قلی قطب شاہ

(B) محمد قطب شاہ

(C) عبداللہ قطب شاہ

(D) ابوالحسن قطب شاہ

30. میر تقی میر کس شہر میں پیدا ہوئے؟

(A) اکبر آباد (B) فرخ آباد

(C) اورنگ آباد (D) شاہ جہاں آباد

31. عوامی شاعر نظیرؔ کس شہر میں پیدا ہوئے؟

(A) آگرہ (B) لکھنؤ

(C) رامپور (D) دِلّی

32. کن دو شاعروں نے قصیدے میں کمال حاصل کیا تھا؟

(A) ذوقؔ اور سوداؔ (B) دبیرؔ و انیسؔ

(C) مومنؔ و غالبؔ (D) ضمیرؔ و ضاحکؔ

33. دِلی کالج کا قیام کس سن میں ہوا؟

(A) 1825ء (B) 1801ء

(C) 1800ء (D) 1842ء

34. رسواؔ کا ناول "امراؤ جان ادا" میں کس کی آپ بیتی بیان کی گئی ہے؟

(A) کسان کی (B) طوائف کی

(C) حور کی (D) خود کی

35. شعلہ و شبنم، سنبل و سلاسل، فکرو نشاط کس کے شعری مجموعے ہیں؟

(A) جوشؔ (B) جگرؔ

(C) فیضؔ (D) فانیؔ

36. ناول "شکست" کے تخلیق کار کون ہیں؟

(A) پریم چند (B) بیدیؔ

(C) کرشن چندر (D) عزیز احمد

37. پہلے نہائی اوس میں پھر آنسوؤں کی رات
یوں بوند بوند اُتری ہمارے دلوں میں رات
اس شعر میں کونسی صنعت کا اِستعمال ہوا ہے؟

(A) مراۃ النظیر (B) تلمیح

(C) تضاد (D) حسنِ تعلیل

38. ترقی پسند ادب پچاس سالہ سفر کس کی تصنیف ہے؟

(A) قمر رئیس، عاشور کاظمی

(B) علی سردار جعفری

(C) خلیل الرحمنٰ اعظمی

(D) ڈاکٹر محمد حسن

39. ان میں کون اقبالؔ سے غیر متعلق ہیں؟

(A) پروفیسر آرنلڈ (B) مولوی میر حسن

(C) داغؔ دہلوی (D) حالی

40. رسالہ مخزن کا پہلا شمارہ کب شائع ہوا؟

(A) 1905ء (B) 1907ء

(C) 1901ء (D) 1908ء

41. مہدی افادی کی تنقید کس نظریہ کو پیش کرتی ہے؟

(A) ترقی پسند (B) تاثراتی تنقید

(C) رومانیت پسند (D) مارکسی تنقید

42 . "ادب مقصد نہیں ذریعہ ہے" کس نقاد کا نظریہ ہے ؟

(A) احتشام حسین

(B) اختر حسین رائے پوری

(C) مجنوں گورکھپوری

(D) سجاّد ظہیر

43 . تحسین کی " نوطرزِ مرصع " کس داستان کی ماخذ ہے ؟

(A) فسانۂ آزاد (B) طلسمِ ہوشربا

(C) باغ و بہار (D) فسانۂ عجائب

44 . داستان " رانی کیتکی کی کہانی " میں کس معاشرت و تہذیب کو پیش کیا گیا ہے ؟

(A) مسلم (B) ہندو

(C) پارسی (D) عیسائی

45 . فسانۂ عجائب کا ہیرو کون ہے ؟

(A) فیروز بخت (B) شہزادہ جانِ عالم

(C) مہر نگار (D) جعفر دان

46 . ابنِ نشاطی کی تخلیق کونسی ہے ؟

(A) گلشنِ عشق (B) ابراہیم نامہ

(C) نوسَرہار (D) پھول بن

47 . " ضمہ " کو کیا کہتے ہیں ؟

(A) پیش (B) زبر

(C) زیر (D) جزم

48 . فعل کی کتنی قسمیں ہیں ؟

(A) 4 (B) 3

(C) 5 (D) 2

49 . حالیؔ نے شاعری کی بنیاد کس کو قرار دیا ہے ؟

(A) خیال (B) علم

(C) تاثیر (D) مشق

50 . بقول حالیؔ محاورہ عمدہ طریقے سے باندھا جائے تو شعر ________ ہوتا ہے ۔

(A) پست (B) بلند تر

(C) عمدہ (D) گہرا

51 . ناول " گوشۂ عافیت " میں بلراج میدان میں کس کے خلاف مقابلے کے لئے اترتا ہے ؟

(A) گیان شنکر (B) الوچی دین

(C) پرتاپ چندر (D) جوالا پرشاد

52 . مثنوی "گلزارِ نسیم" میں پھول کہاں تھا ؟

(A) میر محل (B) فردوس بریں

(C) گلشنِ نگاریں (D) گلزارِ ارم

53. 'گل نغمہ' کس کی تصنیف ہے ؟

(A) حسرت موہانی

(B) معین احسن جذبی

(C) اقبال

(D) فراق گورکھپوری

54. اُردو میں کس شاعر کو انگریزی کا چاسر کہا جاتا ہے ؟

(A) میر تقی میرؔ (B) مظہر جان جاناں

(C) ولیؔ دکنی (D) امیر خسرو

55. کس کے عہد میں " نظم" کا دائرہ وسیع ہوا اور جدید رنگ اختیار کیا؟

(A) غالبؔ و حالیؔ (B) حالیؔ و داغؔ

(C) اقبالؔ و حالیؔ (D) آزادؔ و حالیؔ

56. " پھول بن " کس صنف میں شمار کی جاتی ہے ؟

(A) قصیدہ (B) مرثیہ

(C) داستان (D) مثنوی

57. میر حسن مثنوی میں، دردؔ غزل میں تو سوداؔ __________ میں کمال رکھتے تھے ؟

(A) قصیدہ (B) نظم

(C) مرثیہ (D) مثنوی

58. " آثار الصنادید " کس موضوع پر لکھی گئی ہے ؟

(A) شاعری (B) مصوری

(C) نثر (D) تاریخ

59. " زمانہ " اخبار کس نے جاری کیا؟

(A) گپتا رضاؔ (B) جگن ناتھ آزادؔ

(C) دیا نرائن نگمؔ (D) تلوک چند محرومؔ

60. کتاب نو رس کس موضوع پر لکھی گئی ہے ؟

(A) شاعری (B) موسیقی

(C) مصوری (D) مرثیہ نگاری

61. وہ کونسا شاعر ہے جو قصیدے کے علاوہ ہجوگوئی میں بھی مشہور ہے ؟

(A) سوزؔ (B) دردؔ

(C) سوداؔ (D) انشاءؔ

62. انیسؔ کا پورا نام کیا تھا؟

(A) مرزا سلامت علی (B) میر ببر علی

(C) امام بخش (D) امام علی

63. شاعری میں بہادر شاہ ظفرؔ کے استاد کون تھے ؟

(A) مومنؔ (B) دردؔ

(C) ذوقؔ (D) سوداؔ

64. فورٹ ولیم کالج کا قیام کس شہر میں ہوا تھا؟

(A) کلکتہ (B) دِلی

(C) آگرہ (D) لکھنؤ

65. " دارالمصنفین " کے بانی کون تھے ؟

(A) سید سلیمان ندوی (B) علامہ شبلی نعمانی

(C) مولانا آزادؔ (D) عبدالسلام ندوی

66. وہ کونسا شاعر ہے جس کے یہاں قومی نظمیں زیادہ ملتی ہیں ؟

(A) محرومؔ (B) فراقؔ

(C) رضاؔ (D) چکبست

67. 'دھواں' اور نمرود کی خدائی، کس افسانہ نگار کے افسانوی مجموعے ہیں ؟

(A) منٹوؔ

(B) بیدیؔ

(C) کرشن چندر

(D) علی عباس حسینی

68. جب کوئی لفظ اپنے حقیقی معنی کے بجائے مجازی معنی میں استعمال ہو تو اُس کو ______ کہتے ہیں۔

(A) استعارہ (B) کنایہ

(C) تشبیہ (D) مجازِ مرسل

69. ترقی پسند تحریک تعطل کا شکار کب ہوئی۔

(A) 1955ء (B) 1947ء

(C) 1960ء (D) 1942ء

70. جدید اُردو نظم کا پیش رو یا موجد کس کو مانا جاتا ہے؟

(A) محمد حسین آزاد (B) ن م راشد

(C) شبلی (D) میراں جی

71. اقبال کی مشہور فارسی نظم " اسرارِ خودی " کا انگریزی ترجمہ کس نے کیا؟

(A) میک ٹیگرٹ (B) براؤن

(C) سارلی (D) نکلسنؔ

72. شاعرِ شباب اور شاعرِ انقلاب سے کون مشہور ہے ؟

(A) اقبالؔ (B) فیضؔ

(C) فراقؔ (D) جوشؔ

73. ترقی پسند تنقید کا نقطۂ آغاز کہے جانے والے اختر حسین رائے پوری کا لکھا مقالہ ______ ہے۔

(A) ادب برائے ادب

(B) ادب اور زندگی

(C) ادب اور لطف

(D) ادب برائے تعمیر

74 . سادگی، فصاحت اور سلاست کس دبستان کی نمائندگی کرتی ہے؟

(A) لکھنؤ (B) دِلّی

(C) رامپور (D) حیدر آباد

75 . "کنور اودے بھان" کس داستان کا کردار ہے؟

(A) باغ و بہار (B) آرائشِ محفل

(C) رانی کیتکی کی کہانی (D) فسانۂ عجائب

76 . فسانۂ عجائب کے مصنف ________ ہیں۔

(A) رتن ناتھ سرشارؔ

(B) تصدق حسین

(C) رجب علی بیگ سرور

(D) حیدریؔ

77 . محمد قلی قطب شاہ کا انتقال کس سن میں ہوا؟

(A) 1503ء (B) 1603ء

(C) 1611ء (D) 1609ء

78 . سادہ آوازوں کو تحریری علامات میں لانے کا نام ______ ہے۔

(A) لفظ (B) حرف

(C) جملہ (D) عبارت

79 . جس اسم میں جگہ یا وقت کے معنی پائے جائیں تو اُس کو ________ کہتے ہیں۔

(A) اسمِ ظرف (B) اسمِ کیفیت

(C) اسمِ آلہ (D) اِسمِ جمع

80 . رُباعی میں کتنے مصرع ہوتے ہیں؟

(A) پانچ (B) دو

(C) تین (D) چار

81 . حالیؔ کے مطابق شعر میں کون کونسی خوبیاں ہونی چاہئیے؟

(A) خیال، کائنات کا مطالعہ

(B) وزن، بحر

(C) ردیف، قافیہ

(D) سادگی، اصلیت، جوش

82 . مثنوی "گلزارِ نسیم" کے شاعر کون ہیں؟

(A) پنڈت دیا شنکر (B) میر حسن

(C) پنڈت رتن ناتھ (D) میر تقی میرؔ

83 . ذیل میں کس شاعر نے بچوں کے لئے سبق آموز نظمیں لکھیں؟

(A) فیضؔ (B) اسماعیل میرٹھیؔ

(C) حفیظؔ میرٹھی (D) نظیرؔ

84. آبِ حیات کو محمد حسین آزاد نے کتنے ادوار میں تقسیم کیا ہے ؟

(A) چار (B) آٹھ

(C) دس (D) پانچ

85. کس ملک کے فلسفیوں کا خیال ہے کہ "شعر خیالی باتیں ہیں" ؟

(A) یونان (B) فارس

(C) یورپ (D) عرب

86. کس کے زمانے میں غزل اور قصیدہ معراجِ ترقی پر پہنچے ؟

(A) میرؔ و سوداؔ (B) میرؔ و سوزؔ

(C) سوزؔ و سوداؔ (D) میرؔ و دردؔ

87. " سب رس " کس کی تصنیف ہے ؟

(A) ملّاؔ غواصی (B) ابنِ نشاطی

(C) طبعیؔ (D) ملّا وجہیؔ

88. شاعرِ بیدانہ کس کو کہا جاتا ہے ؟

(A) مضمونؔ (B) ناجیؔ

(C) آبروؔ (D) حزیںؔ

89. سر سید احمد خان کب پیدا ہوئے ؟

(A) 1817ء (B) 1836ء

(C) 1877ء (D) 1800ء

90. " موازنۂ انیس و دبیر " کے مصنف کون ہیں ؟

(A) مولانا حالیؔ (B) سید سلیمان ندوی

(C) علامہ شبلی نعمانی (D) عبدالسلام ندوی

91. اقبال کی کس نظم کو ہندوستان کا مرثیہ کہا جاتا ہے ؟

(A) ہمالہ (B) نیا شوالہ

(C) خضرِ راہ (D) تصویرِ درد

92. مرزا محمد رفیع سوداؔ کے اُستاد کون تھے ؟

(A) آبرو (B) ناجیؔ

(C) حزیںؔ (D) حاتمؔ

93. لکھنؤ میں مصحفی کی کس شاعر سے شاعرانہ رقابت تھی ؟

(A) ناسخؔ (B) رنگینؔ

(C) حزیںؔ (D) انشاؔ

94. " آدمی نامہ " کس شاعر کی مشہور نظم ہے ؟

(A) اکبرؔ (B) فیضؔ

(C) نظیرؔ (D) مجروحؔ

95. غالبؔ نے کلکتہ کا سفر کس مقصد سے کیا تھا ؟

(A) شاعری

(B) نوکری

(C) پنشن

(D) کسی مقصد سے نہیں

96. ڈپٹی نذیر احمد نے اپنے کس ناول میں انگریزی تہذیب کو موضوع بنایا ہے ؟

(A) بنات النعش (B) توبۃ النصوح

(C) ابن الوقت (D) مرأۃ العروس

97. خاکوں کا مجموعہ "چند ہم عصر" کے مصنف کون ہیں ؟

(A) شاہد احمد دہلوی (B) رشید احمد صدیقی

(C) مولوی عبدالحق (D) پنڈت کیفیؔ

98. انگریزوں نے کونسے افسانوی مجموعے کو نذرِ آتش کیا تھا؟

(A) واردات (B) انگارے

(C) خواب و خیال (D) سوزِ وطن

99. نازکی اس کے لب کی کیا کہیئے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے
اس شعر میں کونسی صنعت کا استعمال ہوا ہے ؟

(A) استعارہ (B) کنایہ

(C) تشبیہہ (D) تضاد

100. ترقی پسند تحریک کی پہلی کانفرنس میں صدارت کس کی تھی ؟

(A) سجّاد ظہیرؔ (B) مولوی عبدالحق

(C) پریم چند (D) ملک راج آنند

101. "مدو جزرِ اسلام" تصنیف کس نام سے مشہورو معروف ہے ؟

(A) مجموعہ حالیؔ (B) مسدسِ حالیؔ

(C) مجالس النساء (D) یادگارِ حالیؔ

102. علامہ اقبال کو انگریزوں نے کونسا خطاب دیا ؟

(A) شمس العلماء (B) سر

(C) نائٹ ہڈ (D) دبیر الملک

103. کس کی نثر سطوت ، جلالت اور عظمت کی مظہر ہے ؟

(A) عبدالماجد دریا آبادی

(B) مولانا ابوالکلام آزاد

(C) سید سلیمان ندوی

(D) سرسید احمد خاں

104. ترقی پسند مصنفین کا پہلا اعلان نامہ کہاں تیار ہوا ؟

(A) ماسکو (B) لکھنؤ

(C) برلن (D) لندن

105 . کس ادیب نے کہا ہے کہ ہمیں حسن کا معیار بدلنا ہوگا ؟

(A) مجنوںؔ گور کھپوری (B) پریم چند

(C) وزیر آغا (D) سید عبداللہ

106 . میر امن نے " باغ و بہار " میں کس شہر کی معاشرت اور تہذیب کو پیش کیا ہے ؟

(A) دِلّی (B) رامپور

(C) حیدر آباد (D) لکھنؤ

107 . حیدر بخش حیدریؔ کس داستان کے مصنف ہیں ؟

(A) آرائشِ محفل (B) گلِ صنوبر

(C) داستانِ امیر حمزہ (D) فسانۂ آزاد

108 . کلمۃ الحقائق " کے مصنف ________ ہیں۔

(A) اشرف بیابانی (B) برہان الدین جانمؔ

(C) شمس العشاق (D) عبدلؔ

109 . مسعود حسین خان کے مطابق برج بھاشا کو کھڑی بولی کی ________ کہا ہے۔

(A) بہن (B) بیٹی

(C) ماں (D) بہو

110 . قمر الہدیٰ ، دارُ الکتاب کون سے حروف ہیں ؟

(A) حروفِ صحیح (B) حروفِ فارسی

(C) حروفِ قمری (D) حروفِ شمس

111 . ضد کی جمع کیا ہے ؟

(A) ضدی (B) ضدین

(C) ضدوں (D) اضداد

112. حالیؔ نے شاعری کے لئے کونسی شرط بتائی ہے ؟

(A) خیال (B) قافیہ

(C) کائنات کا مطالعۂ (D) وزن

113 . مقدمہ شعرو شاعری میں سب سے زیادہ مفید اور کار آمد صنف سخن کس کو کہا ہے ؟

(A) قصیدہ (B) مثنوی

(C) مرثیہ (D) غزل

114 . میر اثرؔ دہلوی کس مشہور شاعر کے چھوٹے بھائی تھے ؟

(A) میر تقی میرؔ (B) خواجہ میر دردؔ

(C) مرزا شوقؔ (D) مرزا سوداؔ

115 . ہئیتی اور اسلوبیاتی تنقید کے لئے کون مشہور ہے ؟

(A) گوپی چند نارنگ

(B) سید احتشام حسین

(C) مجنوں گور کھپوری

(D) شمس الرحمٰن فاروقی

116. دِلّی میں "اُردو اخبار" کب جاری ہوا؟

(A) 1836ء (B) 1799ء

(C) 1805ء (D) 1830ء

117. وہ کونسا شاعر ہے جو مجاہد آزادی بھی ہے؟

(A) اقبال (B) جذبی

(C) حسرت موہانی (D) جوش

118. مثنوی "سیف الملوک و بدیع الجمال" کا سنِ تخلیق کیا ہے؟

(A) 1049ھ (B) 1035ھ

(C) 1030ھ (D) 1070ھ

119. ذیل میں کس شاعر نے دکن سے دِلّی کا سفر کیا تھا؟

(A) مُلّا نصرتیؔ

(B) مُلّا وجہیؔ

(C) سراج اورنگ آبادی

(D) ولیؔ دکنی

120. ذیل میں مرثیہ گو شاعر کون ہیں؟

(A) آبروؔ و حاتمؔ (B) خلیقؔ و ضمیرؔ

(C) سوزؔ و سوداؔ (D) دردؔ و داغؔ

121. علامہ شبلیؔ نے کن سے فرنچ سیکھی؟

(A) گارساں دتاسی (B) پروفیسر آرنلڈ

(C) جان گلکرسٹ (D) نکلسنؔ

122. "انارکلی" ڈرامہ کے تخلیق کار کون ہیں؟

(A) آغا حشر (B) امانت علی

(C) حبیب تنویر (D) امتیاز علی

123. اشرفؔ کی "نوسرہار" کی صنف کونسی ہے؟

(A) مثنوی (B) مرثیہ

(C) قصیدہ (D) نظم

124. میرؔ اور خان آرزوؔ میں کیا رشتہ داری تھی؟

(A) چاچا، بھتیجہ (B) باپ، بیٹا

(C) ماموں، بھانجے (D) چچازاد بھائی

125. تم مرے پاس ہوتے ہو گویا

جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

یہ کس شاعر کا شعر ہے؟

(A) مومنؔ (B) میرؔ

(C) غالبؔ (D) ذوقؔ

SEAL

3. प्रश्न-पुस्तिका में किसी विसंगति के अतिरिक्त, किसी भी स्थिति में अभ्यर्थी को कोई दूसरी प्रश्न-पुस्तिका नहीं दी जाएगी । अभ्यर्थी को प्रश्न-पुस्तिका को उपयोग में लाने और उत्तर-पत्रक को पूरित करने में सावधानी बरतनी चाहिए ।

4. अभ्यर्थी को 125 प्रश्नों के उत्तर भरने हैं । सभी प्रश्न अनिवार्य हैं । गलत उत्तर के लिए नकारात्मक अंक नहीं दिये जायेंगे ।

5. उत्तर-पत्रक को भरने के पूर्व अभ्यर्थी उत्तर-पत्रक पर मुद्रित महत्वपूर्ण निर्देशों को ध्यानपूर्वक पढ़ें ।

6. अभ्यर्थी को दिए गए चार विकल्पों में से एक अति उपयुक्त विकल्प का चयन कर OMR शीट में उत्तर-पत्रक में दिए गए निर्देशानुसार भरना है ।

7. किसी भी परिस्थिति में प्रश्न-पुस्तिका का कोई भी कागज अलग नहीं करना है ।

8. अभ्यर्थी परीक्षा भवन में **प्रवेश पत्र** के अतिरिक्त सादा या लिखा कोई अन्य कागज नहीं लाएँगे । यदि कोई अभ्यर्थी कोई अतिरिक्त कागज, नोट, पुस्तक, कैलकुलेटर, स्लाइड रूल, मोबाइल फोन आदि अपने साथ परीक्षा भवन में रखे पाया जाता है, तो उसे अनुचित साधन प्रयोग के अन्तर्गत दण्डित किया जा सकता है ।

9. सभी रफ कार्य को केवल प्रश्न-पुस्तिका के अन्दर ही करना है ।

10. केवल **काला** बॉल पेन उत्तर भरने के लिए प्रयोग करें ।

3. No second question booklet shall be given to any candidate under any circumstances except any discrepancy in question booklet. The candidate should be careful in handling the question booklet and filling the answer sheet.

4. A candidate has to attempt 125 questions. All the questions are compulsory. There is no negative marking for wrong answer.

5. Before filling the answer sheet, the candidate should read carefully the important instructions given on answer sheet.

6. The candidate has to choose best suitable alternative out of the four alternatives given and mark on the OMR answer sheet according to the instructions given in the answer sheet.

7. In no case any paper from the question booklet should be separated.

8. The candidate shall not bring any loose paper, whether written or blank, except the **admit card**, inside the examination hall. If any candidate is found having any loose paper, notes, books, calculator, slide rule, mobile phone etc. with him/her in the examination hall, he/she will be liable to be punished for use of unfair means.

9. All rough work should be done inside the question booklet only.

10. Only use **black** ball pen for filling answers.

SEAL



SEAL

SEAL